**12/04/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے**

**لیفٹیننٹ گورنر**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاکہ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ ترقی ایک باہمی تعاون کی کوشش ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کمزور طبقوں کے مساوی مواقع ہماری ترجیح ہونی چاہئے۔**

**نئی دلی میں ، اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس ، شری ایودھیا نیاس اور پرگیہ سنستھان کے زیر اہتمام تین روزہ ”ایودھیا پرو 2025“ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایودھیا صرف ایک جغرافیائی جگہ نہیں ہے بلکہ یہ روحانیت ، گڈ گورننس اور بھرپور ثقافت کا گہوارہ ہے۔**

**----------**

**نائب وزیر اعلیٰ**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے محکمہ محنت اور روزگار کے کام کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت**
**کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی ہوئی ہے۔ انہوں نے Enterpreneurship Employment**
**مزدوروں کی بہبود کی مختلف اسکیموں کے بارے میں بیداری عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔**

**انٹرپرینیورشپ قائم کرنے کا ارادہ رکھتا Nano میٹنگ میں بتایا گیا کہ محکمہ ایک لاکھ 50 ہزار ہے۔**

**چیف سکریٹری**

**چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر میں منشیات کی اسمگلنگ سے نمٹنے کی خاطر میٹنگ کی صدارت Coordination پیشرفت کا جائزہ لینے کے لئے 13ویں یوٹی سطح کی نارکو کی۔ میٹنگ میں اہم کامیابیوں ، موجودہ چیلنجوں اور مستقبل کی حکمت عملیوں کو اجاگر کیا گیا ۔**

چیف سکریٹری نے اس بدعت سے کامیابی کے ساتھ نمٹنے کے لئے سخت قانون نافذ کرنے والے اداروں ، عدالتی کارکردگی اور معاشرتی بیداری کے ساتھ کثیر الجہتی حکمت عملی کو اپنانے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

پوشن پکھواڑے

مرکزی حکومت رواں مہینے کی 22 تاریخ تک پوشن پکھواڑے کا ساتواں شمارہ منعقد کر رہی ہے ۔اس پکھواڑے کے دوران چار اہم موضوعات کی طرف توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔

اس حوالے سے انٹگریٹڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ سروسز سکیم جموں کشمیر کے مشن ڈائریکٹر کشوری لال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

---------

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ میں سیلانیونکی آمد کا سلسلہ لگاتار جاری ہے ۔ کل مزید 27 ہزار 623 سیلانیوننے باغ کی سیر کرکے قدرتی نظارونکا لطف اٹھایا۔

اس طرح اب تک مجموعی طور پر 5 لاکھ325 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔

واضح رہے کہ پچھلے سال باغ گلِ لالہ جانے والوں کی مجموعی تعداد 4 لاکھ 46 ہزار 154 تھی۔

اگنی پتھ سکیم

فوج میں اگنی پتھ سکیم کے تحت اگنی ویروں کی بھرتی ریلی کے لئے آخری تاریخ 25 اپریل تک بڑھا دی گئی ہے ۔ اس ریلی میں وادی کے تمام ضلعوں اور لداخ یوٹی کے اہل امیدوار حصہ لے سکتے ہیں۔ امیدوار ویب سائٹ www.joinIndianArmy.nic.in پر فارم بھر سکتے ہیں۔

اس بار امیدوار دو زمروں میں بھی فارم بھر سکتے ہیں اور ایسے امیدوار بھی فارم بھرنے کے اہل ہیں جو دسویں یا بارہویں جماعت کے نتائج کے انتظار میں ہیں۔

چنار کور

فوج کی چنار کور کی نگرانی میں فیلڈ اسپتال 319 کی طرف سے 46 RR کے اشتراک سے رواں ماہ کی سات سے نو تاریخ تک ایک جامع Oral Health and Management پروگرام منعقد کیا گیا ۔

کے حوالے سے جانکاری عام کرنا تھا ۔ Oral Health پروگرام کا مقصد مقامی لوگوں میں بارہمولہ کے جنرل بپِن راوت سٹیڈیم میں منعقدہ اس پروگرام میں کافی تعداد میں لوگ حصہ لے کر مستفید ہوئے ۔

**حج اطلاع**

ضلع انتظامیہ بارہمولہ کی طرف سے منتخبہ عازمین حج کے لئے آج مسجد بیت المکرم بارہمولہ میں صبح دس بجے سے دن کے تین بجے تک مناسک حج سے متعلق لازمی تربیتی پروگرام منعقد کیا جا رہا ہے ۔ تمام عازمین کو پروگرام میں شرکت کی درخواست کی گئی ہے ۔

**منشیات**

پرنسپل ڈسٹرکٹ اور سیشنز جج کپواڑہ سے ضروری اجازت حاصل کرنے کے بعد ضلع انتظامیہ نے لاکھوں روپے کی مالیت کے منشیات کو ضائع کیا ہے ۔

کو Peddler ایکٹ کے تحت ارشاد شیخ نامی ایک بد نام ڈرگ NDPS اُدھر ہندواڑہ پولیس نے گرفتار کیا ہے ۔ ملزم نشہ آور ادویات کی غیر قانونی تجارت میں ملوث تھا۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**